سوال

(92) قبر پر پتھر، سیمنٹ وغیرہ استعمال کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قبر کی مضبوطی کے لیے اکیلی ایک ''پوہڑی'' پتھر لگا کر درجوں میں سیمنٹ بھرنا جائز ہے یا نہیں؟ (محمد یعقوب منڈڑیاں) (۹فروری ۱۹۹٦ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبر پر آگ سے پکی ہوئی شئے استعمال کرنے سے احتراز چاہیے۔ قرآن میں ہے:

مِنها خَلَقنـٰكُم وَفيها نُعيدُكُم وَمِنها نُخرِجُكُم تارَةً أُخرىٰ ٥٥ ... سورة طه

''یعنی ہم نے مٹی سے تمھیں پیدا کیا اور اس میں تمھیں لوٹائیں گے۔ اور اسی سے تمھیں دوبارہ نکالیں گے۔''

پھر برزخی معاملات میں قبر کی مضبوطی کو کوئی خاص اہمیت نہیں۔ یہ محض طفل تسلی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الجنائز: صفحہ:147

محدث فتویٰ